# 23-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی جی کشن ریڈی نے کہا کہ ملک بھر میں روزگار میلوں کا انعقاد کیا جارہا ہے اور وزیراعظم نریندر مودی کے ویژن کے تحت شروع کئے گئے اس پروگرام کے ذریعہ لاکھوں افراد کو روزگار مل رہا ہے۔

۲۔وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے عوام کو مشورہ دیا ہے کہ وہ آئندہ چار دنوں کے دوران شدید گرمی کی لہر کی وارننگ کے پیش نظر چوکس رہیں۔

۳۔ٹی پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے کہا ہے کہ ایس آئی آر کے نام پر اگر غیر قانونی طور پر ووٹ حذف کرنے کی کوشش کی گئی تو اسے روکا جائے گا۔

اور

۴۔ڈی جی پی سی وی آنند نے پولیس عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ امن وامان کی بحالی، جرائم کی تحقیقات اور پولیس نظام کی صلاحیت کو مزید مستحکم بنانے کیلئے جدید ٹکنالوجی کا استعمال کیا جائے۔

REVANTH REDDY-YADAGIR GUTTA

وزیراعلیٰ اے رینونت ریڈی نے آج صبح یادگیر گٹہ کا دورہ کیا اور شری لکشمی نرسمہا سوامی کے درشن کئے ۔اس موقع پر انہوں نے تقریباً 100 کروڑ روپے کی لاگت سے شروع کئے جانے والے بیشتر ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔انہوں نے کانچی کاما کوٹی پیٹھادھی پتی وجیند رسرسوتی کے ہمراہ 43 کروڑ 80 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والی وید پاٹھ شالا کا سنگ بنیاد رکھا۔اس کے علاوہ وزیراعلیٰ نے پہاڑی پر 9.87 کروڑ روپے کی لاگت سے 1.41 کروڑ روپے کی لاگت سے ویکنٹھ دوار سے پہاڑی تک جانے والے سیڑھیوں کے راستے پر چھت کی تعمیر، 1.35 کروڑ روپے کی لاگت سے سیڑھیوں، اور 43.12 کروڑ روپے کی لاگت سے ڈارمیٹری ہالس اور دیگر

تعمیری کاموں کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔اس پروگرام میں وزیراعلیٰ کے ہمراہ قانون ساز کونسل کے چیئرمین جی سکھیندر ریڈی، وزیرانڈومنٹکونڈا سریکھا، وزراءکومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، اے لکشمن اورراجیہ سبھارکن ایمگیتا بھی موجود تھے۔

PTC BHONGIR

CABINET MEETING

وزیراعلیٰ اے رینونت ریڈی کی صدارت میں آج شام حیدرآباد کے سکریٹریٹ میں کابینہ کا اجلاس منعقد ہوگا جس میں ریاست میں بچت کے اقدامات، برقی کے شعبہ میں اصلاحات اور ڈسکام کمپنیوں کے نقصانات کوکم کرنے کے سلسلہ میں اہم فیصلے لئے جانے کا امکان ہے۔اجلاس کے دوران رعیّتو ڈسکام کے نفاذ، سولار وپچس ،سولار اسٹار اسکیموں، سرکاری محکموں میں الکٹرک گاڑیوں کے استعمال اورتوانائی کی بچت پر تفصیلی بحث کی جائے گی۔اس کے ساتھ ہی، اندرماں مکانات کے دوسرے مرحلے،فیملی لائف انشورنس اورریاست کے یوم تاسیس کی تقاریب کے انعقاد جیسے اہم اموربھی کابینہ کے زیرِغورآئیں گے۔

DESK

KISHAN REDDY

سکندرآباد کے ریل کلارنگ میں وزیراعظم نریندرمودی کی جانب سے ویڈیوکانفرنسنگ کے ذریعہ منعقدہ روزگارمیلہ پروگرام میں مرکزی وزیرکوئلہ وکانکنی جی کشن ریڈی نے شرکت کی اورمختلف محکموں میں منتخب ہونے والے 218 نوجوانوں میں تقررنامے تقسیم کئے۔اس موقع پراظہارخیال کرتے ہوئے مرکزی وزیرنے کہا کہ ملک بھرمیں 47 مقامات پرروزگارمیلوں کا انعقاد کیا جارہاہے اوروزیراعظم نریندرمودی کے ویژن کے تحت شروع کئے گئے اس پروگرام کے ذریعہ لاکھوں افرادکو

روزگار مل رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میک ان انڈیا اور اسٹارٹ اپس کی بدولت نوجوان ملازمتیں تلاش کرنے کے بجائے اب دوسروں کو ملازمتیں دینے کے قابل بن رہے ہیں۔ اس کے بعد ساوتھ سنٹرل ریلوے کے جنرل منیجر سنجے کمار سریواستو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ تقرر نامے محض ایک کاغذ کا ٹکڑا نہیں ہے بلکہ انہوں نے اسے وکست بھارت کی تعمیر میں شراکت دار بننے کا ایک سنکلپ پتر قرار دیا۔ Byte

PTC HYDERABAD

POLYCET

ریاست کے پالی ٹکنک کالجوں میں داخلوں کے لئے منعقدہ تلنگانہ ڈپلوما ان انجینئرنگ پالیسیٹ 2026 کے نتائج کا آج اعلان کردیا گیا۔ مانصاحب ٹینک میں واقع تکنیکی تعلیمی کونسل کے دفتر میں کمشنر برائے تکنیکی تعلیم دیوا سینا نے یہ نتائج جاری کئے۔ امتحانات میں مجموعی طور پر 82.38 فیصد طلبہ نے کامیابی حاصل کی ہے جن میں لڑکوں کی کامیابی کا تناسب 79.92 فیصد اور لڑکیوں کا تناسب 86.38 فیصد رہا۔

DESK

TUMMALA NAGESHWAR RAO

وزیر زراعت ٹمنا گیشور راؤ نے پروفیسر جے شنکر تلنگانہ زرعی یونیورسٹی کے زیراہتمام منعقدہ سیڈ ویک کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے مختلف تحقیقی شعبوں اور لیبارٹریوں کا معائنہ کرتے ہوئے انہوں نے جدید ٹکنالوجی کو زمینی سطح تک پہنچانے کے سلسلہ میں عہدیداروں کو کئی اہم ہدایات دیں۔ بعدازاں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈرون ٹکنالوجی کی مدد سے شعبہ زراعت میں انقلابی تبدیلیاں لانے کی ضرورت ہے کیونکہ اس سے کاشتکاری کے اخراجات میں

کمی آئے گی۔انہوں نے عہدیداروں کو ڈیجیٹل زراعت پر خصوصی توجہ دینے کی بھی ہدایت کی۔ وزیرزراعت نے اس بات پر زور دیا کہ لیبارٹریوں میں ہونے والی تحقیقات محض تجربات تک محدود نہیں رہنی چاہئیں بلکہ ان کے فائدے عام کسانوں تک پہنچنے چاہئیں۔

DESK

KAVITHA

ٹی آر ایس کی سربراہ کے کویتا نے کانگریس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ریاست میں سینٹرنگ مزدوروں کے مسائل حل کرنے میں ناکام رہی ہے۔آج اندرا پارک کے پاس گریٹر حیدرآباد سینٹرنگ کنٹراکٹرساسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقدہ مہا دھرنا میں پہنچ کر انہوں نے مزدوروں کے احتجاج کی تائید کا اعلان کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کویتا نے مطالبہ کیا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی دو دن کے اندر سینٹرنگ مزدوروں کے قائدین کے ساتھ بات چیت کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر ان کے مسائل حل نہیں کئے گئے تو وہ دو دن کے بعد خود دھرنے پر بیٹھیں گی۔کویتا نے یہ بھی یقین دہانی کرائی کہ ریاست میں ان کی پارٹی کے برسرِ اقتدار آنے پر تعلیم اور صحت کی سہولیات بالکل مفت فراہم کی جائیں گی۔

DESK

PONGULETI

وزیرمال پی سرینواسریڈی نے واضح کیا ہے کہ فیوچرسٹی کی تعمیر کو کوئی نہیں روک سکتا۔سابق وزیر ہریش راؤ کے اس بیان پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے جس میں انہوں نے کہا تھا کہ بی آر ایس کے اقتدار میں آنے پر فیوچرسٹی کو منسوخ کر دیا جائے گا،وزیر موصوف نے کہا کہ کانگریس حکومت ریاست کے مستقبل کے لئےیاس نئے شہر کی تعمیر کررہی ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ بی آر ایس نے

موسی ندی کی صفائی اور صنعتوں کے قیام میں رکاوٹیں کھڑی کی ہیں اور نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع فراہم کرنے کی کوششوں کو بھی سبوتاج کرنے کی کوشش کی ہے۔ وزیر موصوف نے اپنے ایکس اکاؤنٹ پر ایک پیغام کے ذریعہ عزم ظاہر کیا کہ فیوچر سٹی کو اس انداز میں تعمیر کیا جائے گا جس پر پورا ملک فخر کرے گا۔

DESK

WEATHER

ہندوستانی محکمہ موسمیات نے انکشاف کیا ہے کہ جنوب مغربی مانسون تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ سیٹلائٹ تصاویر سے پتہ چلتا ہے کہ مانسونکے بادل بحیرہ عرب اور خلیج بنگال پر گہرے چھائے ہوئے ہیں۔ مانسون کی یہ ہوائیں کیرالہ کی طرف بڑھتے ہوئے تیزی سے مضبوط ہورہی ہیں اور اندازہ لگایا گیا ہے کہ ملک میں مانسون وقت پر داخل ہوسکتا ہے۔

DESK

SAJJANAR

حیدرآباد سٹی پولیس کمشنر وی سی سجنار نے ملک کی پہلی اے آئی پر مبنی کمپلینٹ ریکارڈر کا پی رائٹر ایپ کا افتتاح کیا۔ یہ ایپ جی ایچ ایم سی کے حدود میں واقع 80 سے زائد پولیس اسٹیشنوں میں دستیاب ہوگی۔ ہندی، تمل، بنگالی، مراٹھی کے بشمول10 زبانوں میں بات کرنے پر یہ ایپ اسے فوری طور پر تحریری شکل میں تبدیل کردے گی جس کے بعد پولیس کو سمجھ آنے والی زبان میں اس کا ترجمہ ہوجائے گا۔ سجنار نے کہا کہ یہ ایپ تارکین وطن مزدوروں، سیاحوں، خواتین اور ضعیف افراد کیلئے انتہائی کارآمد ثابت ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایف آئی آر کے عمل کو آسان بنانے والی اس ایپ کا استعمال یہ ثابت کرے گا کہ انصاف کی راہ میں زبان کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔

DESK

PONGULETI-HEAT WAVE

ریاست میں شدید گرمی کی لہر کے پیش نظر ہائی الرٹ کے درمیان وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے ایک ہنگامی جائزہ اجلاس منعقد کیا۔شدید لو کے باعث سات اضلاع میں 16 افراد کی ہلاکت کے بعد وزیر موصوف نے عوام کومحتاط رہنے کا مشورہ دیا ہے۔انہوں نے مہلوکین کے ارکان خاندان کے لئے وزیراعلی کی ہدایت پر 4 لاکھ روپے کی امدادی رقم کا اعلان کیا۔وزیر مال نے بتایا کہ آنے والے ایک ہفتہ کے دوران گرمی کی شدت میں مزید اضافہ ہوگا،اس لئے لوگ صبح 11 بجے سے شام 4 بجے تک گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں۔انہوں نے ضلع کلکٹروں کو ہدایت دی کہ وہ دیہی سطح پر گرمی کی لہر کے بارے میں بیداری مہم چلائیں۔

DESK

TPCC PRESIDENT

صدر پی سی سی مہیش کمار گوڑ نے کہا ہے کہ ریاست میں ایس آئی آر کے نام پر اگر ووٹوں کو غیر قانونی طور پر حذف کرنے کی کوشش کی گئی تو اسے ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اوراس کے خلاف شدید احتجاج کیا جائے گا۔انہوں نے پارٹی کارکنوں اورعہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ اس معاملے میں انتہائی چوکس اورالرٹ رہیں۔

DESK

NEET UG

نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے ) نے نیٹ یو جی کا امتحان دینے والے امیدواروں کے لئے ایک اہم گائیڈ لائن جاری کی ہے۔این ٹی اے نے واضح کیا ہے کہ نیٹ امتحان منسوخ ہونے کی وجہ سے طلبہ کی فیس واپس کی جارہی ہے۔اس سلسلہ میں امیدواروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ فیس کی واپسی

کے لئے رواں ماہ کی 27 تاریخ تک اپنے بینک کھاتوں کی تفصیلات جمع کرائیں۔ایجنسی نے مزید واضح کیا ہے کہ دوبارہ منعقد ہونے والے نیٹ امتحان کے لئے طلبہ کو دوبارہ فیس ادا کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہوگی۔

DESK

BAKRID

ریاستی حکومت نے بقرعید کی چھٹی کی تاریخ میں تبدیلی کی ہے۔سرکاری احکامات کے مطابق سابقہ کیلنڈر کے تحت 27 مئی کو دی جانے والی چھٹی کو اب تبدیل کر کے 28 مئی کر دی گئی ہے۔

DESK

HIGH COURT

ہائی کورٹ نے واضح کیا ہے کہ ملاوٹ شدہ غذائی اشیاء کے خلاف تلاشی مہم چلانے اور مقدمات درج کرنے کا اختیار پولیس کے پاس نہیں ہے۔جسٹس سرینواس راؤ کی زیر قیادت بنچ نے رولنگ دی کہ فوڈ سیفٹی ایکٹ کے تحت یہ اختیار صرف فوڈ سیفٹی عہدیداروں کو ہی حاصل ہے۔عدالت نے حیدرآباد کے کاٹے دھن علاقہ میں غذائی اشیاء میں ملاوٹ کے ایک معاملہ میں میلاردیو پلی پولیس کی جانب سے درج کردہ کیس کو خارج کر دیا اور ساتھ ہی یہ ہدایت دی کہ جمع کئے گئے نمونے متعلقہ حکام کے حوالے کئیجائیں۔

DESK

DGP CV Anand

ڈی جی پی، سی وی آنند نے پولیس عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ ریاست میں امن وامان کے قیام، جرائم کی تحقیقات اور پولیس نظام کی صلاحیت کو مزید مضبوط بنانے کے لئے جدید ٹکنالوجی اور

مصنوعی ذہانت کا بڑے پیمانہ پر استعمال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مقدمات کی تحقیقات میں ٹکنالوجی کے استعمال سے تیز، شفاف اور درست معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سائبر جرائم اور منشیات مافیا جیسے جرائم پر قابو پانے کے لئے خصوصی نگرانی کا نظام قائم کیا جائے گا۔ ٹریفک مسائل کے حل کے لئے ’ٹریفک مینجمنٹ اینڈ روڈ سیفٹی بیورو‘ کے قیام کا بھی اعلان کیا گیا۔

Desk

○○